17/01/2025

09.20 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سید مبشر رفائی سے خبریں سُنئے

ایوارڈ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج راشٹرپتی بھون نئی دلی میںسال 2024 کے قومی کھیل ایوارڈ عطا کریں گی ۔ اس موقعے پر شطرنج کے عالمی چیمپئن ڈی گوکیش، پیرس اولمپکس میں ڈبل میڈلسٹ منو بھاکر، بھارتی ہاکی ٹیم کے کپتان ہرمن پریت سنگھ اور پیرس پیرا اولمپکس میں گولڈ میڈلسٹ پروین کمار کو میجر دھیان چند کھیل رتن ایوارڈ دیا جائے گا۔

جموں و کشمیر کے کٹرہ سے تعلق رکھنے والے پیرا آرچر راکیش کمار کو بھی پیرس پیرا اولمپکس میں کانسے کا تمغہ جیتنے کے لئے اس با وقار تقریب میں ارجن ایوارڈ سے نوازا جائے گا۔

جتیندر سنگھ

آف انڈیا کی جانب سے شائع کئے گئے Physicians مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے ایسو سی ایشن آف نامی ایک جامع رسالے کی رسم رونمائی انجام دی ۔ " Pollution and Health"

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ یہ رسالہ- ہوا ، پانی ، مٹی اور صوتی آلودگی کے صحت پر پڑنے والے اثرات کے بارے میں بصیرت افروز معلومات فراہم کرتا ہے ۔

سکینہ اِیتو

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ اِیتو نے گورنمنٹ میڈیکل کالج اور سپر سپیشلٹی ہسپتال جموں کا دورہ کر کے وہاں مریضوں کو بہم کی جا رہی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔دورے کے دوران انہوں نے بنیادی ڈھانچے، سازوسامان، مریضوں کیلئے صحت خدمات اور صفائی ستھرائی کے معیارکا تفصیلی جائزہ لیا۔

وزیر موصوفہ نے اس موقعہ پر جی ایم سی اور ایسوسی ایٹیڈ ہسپتالوں میں جاری منصوبوں پر کام کی پیش رفت کا بھی ایک میٹنگ میں جائزہ لیا ۔

کولگام

طبی منظر نامے میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کے تحت کولگام کے ضلع اسپتال میں جدید ڈیجیٹل ریڈیو گرافی نظام نصب کیا گیا ہے ۔ ضلع کے لوگوں نے اس سہولت کی دستیابی پر خوشی اور اطمینان کا اظہار کیا ہے ۔

سٹارٹ اپ

ملک میں 9 سال قبل شروع کی گئی سٹارٹ اپ مہم کامیابی کے ساتھ جاری ہے ۔ جموں کشمیر میں بھی نوجوان اس مہم سے نامی ایک کامیاب سٹارٹ اپ کے GR8 استفادہ کر کے کامیابی کی داستانیں رقم کر رہے ہیں ۔ اننت ناگ میں قائم کئے گئے منیجنگ ڈائریکٹر فوض الکبیر نے آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے خیالات کا کچھ اس طرح اظہار کیا ۔

------BYTE -----

RTO

شہر سرینگر میں صبح اور شام کے اوقات میں عام لوگوں کے لئے پبلک ٹرانسپورٹ کی سہولیات دستیاب رکھنے کے لئے کشمیر قاضی عرفان نے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔ RTO مناسب اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔ اس بارے میں

-------BYTE ------

قاضی عرفان نے کہا کہ لوگ اپنی ٹرانسپورٹ ضروریات یا شکایات کی صورت میں ان کے دفتر سے رابطہ کر سکتے ہیں ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کیلئے کھلی ہے۔ مسافروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ لین نظم و ضبط پر عمل کر کے اووَر ٹیکنگ سے پرہیز کریں ۔

اُدھر سرینگر سونہ مرگ روڈ پر بیکن حکام کی طرف سے گرین سگنل ملنے کے بعد ہی ٹریفک کو چلنے کی اجازت ہوگی۔ تاہم بھدرواہ-چھمبا روڈ/مغل روڈ اورسنتھن کشتواڑ روڈ ٹریفک کے لئے بند ہیں۔

تجاویز

خبروں کے بلیٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس پر بھیج سکتے ہیں ۔ akashvanisrinagarnews@gmail.com

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 2 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 5 اعشاریہ 2ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ